سٹی ہال اور کارپوریٹ سہولت گاہیں اب صرف اپوائنٹمنٹ کے ذریعے کھول دی گئی ہیں

برامپٹن، آج (9 ستمبر 2020) – کووڈ-19 کے ردعمل میں چھ مہینوں کی بندش کے بعد، سٹی کی کارپوریٹ سہولت گاہیں، بشمول سٹی ہال، آج سے صرف اپوائنٹمنٹ کے ذریعے عوام کے لیے کھل گئے ہیں۔ موجودہ طور پر، موقع پر تشریف لا کر خدمات کے حصول کی اجازت نہیں ہے۔

کیا کُھل چکا ہے (صرف اپوائنٹمنٹ سے)

مؤرخہ 9 ستمبر سے، درج ذیل مقامات صرف اپوائنٹمنٹ پر مبنی خدمات کے لیے کھلے ہیں:

- سٹی ہال، 2 ویلنگٹن اسٹریٹ ویسٹ
- سوک سنٹر، 150 سنٹرل پارک ڈرائیو
- ولیمز پارک وے آپریشنز سینٹر، 1975 ولیمز پارک وے
- اینیمل سروسز، 475 کرسلر ڈرائیو
- بلڈنگ ڈویژن اور انفورسمنٹ اینڈ بائی لاء سروسز کے دفاتر، 8850 مک لافلن روڈ ساؤتھ

POA کورٹ ہاؤس، 5 رے لاسن بولیورد 6 جولائی سے کھلا ہے۔

مزید تفصیلات کے لیے www.brampton.ca/reopening ملاحظہ کریں

موجودہ طور پر دستیاب خدمات

9 ستمبر سے، درج ذیل خدمات صرف اپوائنٹمنٹ کے ذریعے موقع پر دستیاب ہیں:

- شادی کے لائسنس
- کاروباروں کے لائسنس اور علامات کی درخواستیں
- پراپرٹی ٹیکس اور دیگر ادائیگیوں کے لیے کیشیئر کاؤنٹرز
- استفسارات کے لیے سروس برامپٹن کا ڈیسک
- غیر رہائشی درخواستوں کے لیے عمارتوں کے پرمٹ کی درخواستیں، زوننگ سروسز اور علامات کے پرمٹس کے لیے
- جانوروں کو گود لینا، لائسنسنگ اور استفسارات

کئی خدمات آن لائن بھی دستیاب ہیں اور ان تک www.brampton.ca پر جا کر یا 311 پر کال کر کے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

اپوائنٹمنٹس بک کرنا

موقع پر سٹی کی خدمات تک رسائی کے لیے، اپوائنٹمنٹس درکار ہیں۔

سٹی کی نئی آن لائن سروس *سکپ دی لائن* کے ذریعے www.brampton.ca/skiptheline پر جا کر کئی اپوائنٹمنٹس مختص کروائی جا سکتی ہیں۔

پیشگی جانچ کے سوالات کے جواب دینے کے بعد اپنی اپوائنٹمنٹس کو بک کریں، وقت تبدیل کریں یا منسوخ کریں۔

اپوائنمٹنٹ میں شرکت کرتے ہوئے:

- یقینی بنائیں کہ اپنی اپوائنمنٹ پر آنے سے پہلے آپ کے پاس تمام مطلوبہ دستاویزات موجود ہوں۔

- وقت پر آئیں – چھوٹ جانے والی یا تاخیر والی اپوائنٹمنٹس کو بعد کی تاریخ پر بک کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- عمارت میں داخل ہونے سے پہلے ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں
- اپنے اور دوسرے لوگوں کے درمیان کم از کم 2 میٹر (6 فٹ) کا جسمانی فاصلہ برقرار رکھیں۔
- چہرے پر نان میڈیکل ماسک پہننا لازمی ہے۔

تفریحی مراکز

8 ستمبر سے سٹی آف برامپٹن کی مخصوص تفریحی سہولت گاہیں صرف اپوائنٹمنٹ کے ذریعے استعمال کے لیے کھل گئی ہیں۔ دستیاب پروگراموں میں تندرستی، اکوئیٹکس، عمومی دلچسپی کے پروگرام اور اسکیٹنگ شامل ہیں۔ رہائشی *رجسٹرڈ اینڈ ڈراپ ان پروگرامز* کا ویب صفحہ دیکھ کر www.brampton.ca/recreation پر مختص کروانے کے لیے وقت دیکھ سکتے ہیں اور اپنی تشریف آوری کا وقت رکھوا سکتے ہیں۔ وقت زیادہ سے زیادہ سات دن پہلے رکھوایا جا سکتا ہے۔ متبادل طور پر، رہائشی 311 پر کال کر کے وقت مختص کروا سکتے ہیں۔

سٹی کی سہولت گاہوں میں اضافی حفاظتی اقدامات

حکومت اونٹاریو اور پیل پبلک ہیلتھ کے ساتھ مطابقت میں، سٹی آف برامپٹن سہولت گاہوں کو محفوظ رکھنے کے لیے اضافی اقدامات کا نفاذ جاری رکھے گا۔ یہ اقدامات لوگوں، بشمول سیاحوں، ٹھیکیداروں، گاہکوں اور ملازمین، کو تحفظ فراہم کرنے اور ممکنہ خطرات کو روکنے اور کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

اضافی حفاظتی اقدامات میں درج ذیل شامل ہیں:

- فعال اسکریننگ
- چہرے کو ڈھانپنے کی چیزیں اور ذاتی حفاظت کے آلات (PPE)
- عوام کے لیے کاؤنٹر بیریئرز
- حفظان صحت کے اصولوں پر عمل درآمد
- صفائی اور جراثیم سے پاک کرنا
- علامات آویزاں کرنا
- گنجائش پر عمل کرنا
- مشترکہ جائے کار پر لاگو پابندیاں

کووِڈ-19 کے خلاف ردعمل میں کمیونٹی کو معاونت فراہم کرنے کی سٹی کی کوششوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/COVID19 ملاحظہ کریں یا CityBrampton@ کو ٹوئٹر، فیس بک او ر انسٹاگرام پر فالو کریں۔

سٹی کے ضمنی قوانین کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca